بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

医療システム事業への投資
堅実な資産運用をお考えの投資家様に お奨めの医療事業への投資商品です
AdChoices

لوڈشیڈنگ کے خلاف پرتشدد مظاہرے، فیصل آباد میں گرڈ اسٹیشن پر حملہ، جھڑپوں میں سیکڑوں زخمی

پولیس کا گھروں میں گھس کر مظاہرین پر تشدد

50 دیہات کے سیکڑوں ڈنڈا بردار افراد کا شیخوپورہ روڈ پر مظاہرہ‘ سڑک 9 گھنٹے بلاک رکھی‘ گاڑیوں کی میلوں لمبی قطاریں‘ بنڈالہ گرڈ اسٹیشن میں توڑ پھوڑ‘ فرنیچر اور دیگر سامان جلا دیا

پولیس کا لاٹھی چارج‘ شیلنگ‘ پشاور میں بھی احتجاج‘ انڈس ہائی وے بند کردی گئی‘ پولیس مظاہرین پر ٹوٹ پڑی‘ کراچی‘ خانیوال‘ سکھر اور سوات میں بھی مظاہرے‘ گرمی سے 7 جاں بحق

لاہور (نمائندگان جنگ، ایجنسیاں) بدترین لوڈ شیڈنگ کے خلاف گزشتہ روز متعدد شہروں میں پرتشدد مظاہرے ہوئے، فیصل آباد میں مظاہرین نے گرڈ اسٹیشن پر حملہ کر دیا، توڑ پھوڑ کی، فرنیچر اور دیگر سامان کو آگ لگا دی، 50 دیہات کے سیکڑوں ڈنڈا بردار افراد نے شیخوپورہ روڈ 9 گھنٹے بلاک رکھی۔ پولیس کے ساتھ جھڑپوں میں سیکڑوں افراد زخمی ہو گئے، پشاور میں مظاہرین نے احتجاجاً انڈس ہائی وے بند کردی جس پر پولیس مظاہرین پر ٹوٹ پڑی، اسلام آباد، سوات، سکھر، خانیوال، کراچی میں مشتعل عوام نے مظاہرے کئے جبکہ شدید گرمی سے گجرات، نارنگ منڈی، فیصل آباد، میر پور خاص، سرائے عالمگیر اور حجرہ شاہ مقیم میں 17 افراد جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق طویل لوڈ شیڈنگ کے خلاف تھانہ کھرڑیانوالہ کے 50 سے زائد دیہات کے سینکڑوں افراد نے شیخوپورہ روڈ پر مظاہرہ کیا اور بنڈالہ گرڈ اسٹیشن میں توڑ پھوڑ اور ٹائروں کو آگ لگا کر کئی گھنٹے روڈ بلاک رکھی جس سے فیصل آباد سے لاہور اور لاہور سے فیصل آباد آنے والی گاڑیوں کی کئی میل لمبی لائنیں لگ گئیں، مشتعل مظاہرین نے بنڈالہ گرڈ اسٹیشن کے اندر گھس کر توڑ پھوڑ کی اور فرنیچر سمیت دیگر سامان کو آگ لگا دی، فیسکو انتظامیہ نے فوری طور پر پولیس کی بھاری نفری منگوا کر احتجاجی مظاہرین کو منتشر کرنا چاہا مگر پولیس کی کارروائی کے بعد مشتعل مظاہرین نے پولیس پر پتھراؤ شروع کر دیا، پولیس نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے مشتعل مظاہرین پر اندھا دھند آنسو گیس کی شیلنگ اور لاٹھی چارج شروع کر دیا جس سے سیکڑوں مظاہرین اور متعدد پولیس اہلکار معمولی زخمی ہو گئے۔ پولیس اہلکار گھروں میں گھس گئے اور شہریوں پر تشدد کرتے رہے۔ پشاور کے نواحی علاقے بڈھ بیر کے رہائشیوں نے بھی غیر اعلانیہ بندش سے تنگ آ کر کوہاٹ روڈ کو ٹریفک کے لئے بند کر دیا جس سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ مظاہرین نے واپڈا کے خلاف شدید نعرہ بازی کی۔ اسلام آباد میں وفاقی اردو یونیورسٹی کے طلبہ نے بھی لوڈ شیڈنگ کے خلاف احتجاج کیا اور واپڈا حکام کے خلاف نعرہ بازی کی۔ خانیوال میں بھی لوڈ شیڈنگ کے ستائے ہوئے لوگ سڑک پر نکل آئے۔ لاہور سے ملتان اور خانیوال سے کبیر والا جانے والی سڑکوں کو بلاک کر دیا۔ کراچی کے علاقے گلشن حدید میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے خلاف علاقہ مکینوں نے نیشنل ہائی وے پر احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے نیشنل ہائی وے پر ٹائر نذر آتش کر کے روڈ بلاک کر دیا جبکہ مشتعل افراد نے گاڑیوں پر پتھراؤ بھی کیا۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھیے